ادارہ

تعارف تبصرہ کتب

کتاب: اسماء حسنیٰ (جلد اول)　　جمع وترتیب: مولانا محمد حنیف عبدالمجید صاحب

ضخامت: ۴۱۸ صفحات　　قیمت: ۲۰۰ روپے

ناشر: بیت العلم ٹرسٹ اردو بازار کراچی

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ولله الاسماء الحسنى فادعوه بها۔ اسی آیت کریمہ کی تفسیر کے ضمن میں حضرت مولانا محمد شفیع رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ ''اس آیت کے معنی یہ ہوئے کہ حمد وتسبیح کے لائق بھی صرف اسی کی ذات پاک ہے اور مشکلات ومصائب اور حاجت روائی بھی صرف اسی کے قبضہ میں ہے۔ اس لئے حمد وثناء کرو تو اسی کی کرو اور حاجت روائی مشکل کشائی کے لئے پکارو۔ تو اسی کو پکارو اور پکارنے کا طریقہ یہ بتلایا ہے کہ ان ہی اسماء حسنیٰ کے ساتھ پکارو۔ جو اللہ تعالیٰ کے ثابت ہیں اپنی تجویز سے دوسرے الفاظ نہ بدلو۔ بلکہ ان اسمائے حسنیٰ میں اللہ تعالیٰ کے تمام پہلوؤں کی رعایت ہے اور یہ اس کی شایان شان ہیں ان ہی کے ساتھ پکارو۔''

اسماء حسنی کی تشریح اور اس کے فضائل و برکات کے متعلق بہت سی کتابیں لکھی جا چکی ہیں اور یہ سلسلہ تا قیامت جاری رہے گا۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلۃ الذہب کی ایک زرین کڑی ہے' جسے مولانا محمد حنیف صاحب نے ترتیب دی ہے۔ اور اپنی دیگر مرتب کردہ کتابوں کی طرح اس کتاب میں بھی انتہائی عرقریزی سے کام لیا ہے۔ فاضل مرتب نے اس کتاب کی ترتیب میں مندرجہ ذیل امور کو ملحوظ خاطر رکھا ہے۔ اسماء حسنیٰ کے لغوی اور اصطلاحی معنی۔ قرآن کریم کی جن آیات میں اسماء حسنی کا ذکر ہے ان میں سے کم از کم تین آیات کا ذکر۔ قرآنی آیات اور احادیث نبویہ اور ائمہ کرام کے اقوال کی روشنی میں اسماء حسنیٰ کی تشریح۔ اسمائے حسنیٰ سے تعلق پیدا کرنے کے لئے مواعظ حسنہ۔ ہر اسم کے تحت اسم کی خصوصیات سے متعلق مفید اذکار اور دعائیں وغیرہ

اسماء حسنیٰ کے متعلق دو جلدوں پر مشتمل یہ بہترین اور روح پرور کتاب ہے۔ انشاء اللہ اس کتاب کا مطالعہ ایمان ویقین میں اضافہ کا باعث اور عبادت معاشرے اور زندگی کے دیگر معاملات میں رضائے الہیٰ کے حصول کا ذریعہ ثابت ہوگا۔